BOP THE BANK OF PUNJAB

# Terms and Condition of Taqwa Asaan Account / Taqwa Asaan Remittance Account

Following are the Terms and Conditions governing **TAQWA ASAAN** Account / **TAQWA ASAAN** Remittance Account, which the depositor has opened with The Bank of Punjab (the **"Bank"**).

1. The Account shall be opened on submission of filled-in Account Opening Form and submitting required documents/information. Bank may require additional documents as deemed necessary from time to time. Customers will be intimated about opening of their Account through callback/SMS or any other reliable mechanism.
2. A distinctive number shall be allotted to every Account that should be quoted in all correspondence/transactions relating to the Account. The Bank reserves the right to change this number or any part of it in order to meet its book keeping/administration requirements. However, intimation of any such change shall be communicated to the customer through advertisement/electronically/any other reliable mechanism.
3. The Accounts may be opened singly in one name or jointly in two or more names up to a maximum of four. However, not more than one Account (single/joint) can be opened against one C/SNIC except for in the name of minors and guardian.
4. Undertaking from customer will be obtained if his signatures are different from CNIC however Account holder(s) would be fully responsible in case his/her/their signatures are different from the one(s) on their C/SNIC.
5. The statement of account will be dispatched to the account holder at periodical intervals, as per frequency stipulated by SBP, and charges as per rules set by SBP. Duplicate copies of statement of accounts shall be provided by the Bank by debiting the customer's account as per the schedule of charges.
6. Deposit may be accepted from minors provided the account is opened and operated through a guardian till the minor attains the age of maturity. Thereafter, operation in the account will be stopped and credit balance in the account will be paid to the erstwhile minor by closing the account.
7. All monies / instruments to be deposited in an account should be accompanied by pay-in-slip showing the correct title, account number and other necessary particulars of deposit. The Bank shall not be responsible in case of any loss where these requirements are not complied with and in case of delay or loss occasioned in collection of cheques, however, the Bank will follow up for swift resolution.
8. Taqwa Asaan Account will be restricted for cross to border (outward) transactions. Total Debit balance limit for Asaan Account is Rs. 1,000,000/- monthly, and total Credit balance limit will be Rs. 1,000,000/-
9. Withdrawal from the account will be made through ATM/Debit card or Cheque. The account holder will be responsible for safe custody of ATM/D ebit card/cheque book at all times and must immediately notify the Bank in case these are lost or stolen. The customer will be responsible to keep himself/herself fully informed and updated with regards to ATM terms & conditions and any changes therein that may be made from time to time.
10. No account is allowed to be overdrawn. Withdrawals will not be allowed against postdated Cheques, and stale (06 months after issuance date) instrument will not be considered valid for payment unless revalidated by the drawer. Customer is bound to write the instrument in conformity with Negotiable Instrument Act 1881 and other Cheque writing instructions issued subsequently by the regulator.

   # Account which has not been transacted by customer for a period of one year will be classified as "Dormant". Credit entries will be allowed without changing the dormancy status, however withdrawals will not be allowed until the customer gets it activated. In case of Dormant accounts, Account activation could only be done upon Customer Due Diligence (CDD) along with Bio metric vertification & Name Screening.

   # Accounts that remain inoperative for continuous 10 years will be classified as Unclaimed and dealt with as per section 31 of BCO 1962.
11. No minimum balance requirement, no maintenance fee. All the accounts which have not been transacted by the customer since two years and have nil balances, will be closed by the bank without giving any notice. In case of death/bankruptcy, the Bank will stop operations in the account immediately as and when aware from any reliable sources.
12. In case of payment from a joint account is at any time stopped by any one or more of the account holders, the amount will only be payable on revocation of 'Stop Payment' instruction(s) by all the account holders.
13. Bank will take utmost care in posting the transaction in the account. In case of any posting error, Bank will be within its right to make the correction/adjustments and recover any amount wrongly paid or credited.
14. The Charges for banking products and services will be levied as prescribed by the Bank in Schedule of Bank's Charges.
15. In the event of death of any one or more of the Joint account holders, the credit balance will become payable on demand to the survivor(s) or as per the applicable Law/directives to the legal heirs of the deceased.
16. Change in the address of the account holder should immediately be communicated

TAQWA ISLAMIC BANKING

# تقویٰ آسان اکاؤنٹ / تقویٰ آسان ترسیلِ زر اکاؤنٹ کی شرائط وضوابط

بینک آف پنجاب کے ساتھ اپنا تقویٰ آسان اکاؤنٹ / تقویٰ آسان ترسیل زر اکاؤنٹ کھلوانے کیلئے شرائط وضوابط مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ اکاؤنٹ کھلوانے فارم اور تمام تر ضروری معلومات و دستاویزات جمع کروانے کے بعد اکاؤنٹ کھولا جائے گا۔ بینک وقتاً فوقتاً کسی بھی اضافی دستاویزات کا تقاضا کر سکتا ہے۔ کسٹمرز کو اکاؤنٹ کھلنے کی اطلاع بذریعہ ایس ایم ایس / کال یا کسی اور مستند ذریعے سے دی جائے گی۔

2۔ ہر اکاؤنٹ کو ایک مخصوص نمبر فراہم کیا جائے گا جو کہ ہر طرح کی خط وکتابت / ٹرانزیکشنز پر درج ہوگا۔ بینک کے پاس مکمل اختیار ہے کہ وہ اپنی بُک کیپنگ / انتظامی ضروریات کے پیش نظر یہ نمبر یا اس نمبر کا کوئی بھی حصہ تبدیل کر سکتا ہے۔ تاہم کسٹمر کو اس تبدیلی کی اطلاع اشتہار / الیکٹرانک ذرائع یا کسی اور مستند ذریعے سے دی جائے گی۔

3۔ ایک نام پر ایک اکاؤنٹ اور جوائنٹ اکاؤنٹ دو یا زیادہ سے زیادہ چار ناموں پر کھل سکتا ہے۔ تاہم نابالغوں اور سرپرست کے علاوہ ایک شناختی کارڈ کے ذریعے صرف ایک اکاؤنٹ (سنگل / جوائنٹ) کھولا جا سکتا ہے۔

4۔ شناختی کارڈ سے مختلف دستخط ہونے کی صورت میں کسٹمر سے تحریری ضمانت بھی لی جائے گی تاہم شناختی کارڈ پر موجود دستخط اگر مختلف ہوں تو ایسی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر مکمل طور پر خود ذمہ دار ہوگا۔

5۔ بینک دولت پاکستان کے طے کردہ عرصے اور اخراجات کے مطابق اکاؤنٹ ہولڈر کو بینک اسٹیٹمنٹ متواتر وقفوں میں ارسال کی جائے گی۔ جبکہ بینک طے کردہ اخراجات واجب الادا رقم کے عوض اسٹیٹمنٹ کی نقول فراہم کرے گا۔

6۔ سرپرست کے ذریعے اکاؤنٹ فعال ہونے کی صورت میں نابالغوں کی جانب سے جمع کروائی گئی رقوم قابل قبول ہوں گی جب تک نابالغ سنِ بلوغت کو نہیں پہنچ جاتے۔ اس کے بعد اکاؤنٹ کی کارروائی کو روک دیا جائے گا اور اکاؤنٹ بند کرتے ہوئے کریڈٹ بیلنس نابالغ کو ادا کر دیا جائے گا۔

7۔ اکاؤنٹ میں جمع کروانے والا پیسہ یا اشیاء، درست نام اور اکاؤنٹ نمبر والی پے ان سلپ اور ڈپازٹ کے دیگر لوازمات کے ہمراہ جمع کروایا جائے۔ لوازمات مکمل نہ ہونے کی صورت میں بینک کسی بھی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا اور نہ ہی چیکس کی وصولی میں نقصان یا چیکس گُم ہو جانے کا ذمہ بینک پر عائد ہوگا، تاہم بینک جلد سے جلد حل کیلئے پیروی ضرور کرے گا۔

8۔ تقوی آسان اکاؤنٹ میں سرحد پار (بیرونی) ترسیلات پر پابندی ہوگی۔ آسان اکاؤنٹ میں کُل رقم نکلوانے کی حد 1,000,000 روپے ماہانہ اور اکاؤنٹ میں موجودہ رقم کی حد 1,000,000 روپے تک ہوگی۔

9۔ اکاؤنٹ میں سے رقم اے ٹی ایم / ڈیبٹ کارڈ یا چیک کے ذریعے حاصل کی جائے گی۔ اکاؤنٹ ہولڈر ہمیشہ اے ٹی ایم / ڈیبٹ کارڈ اور چیک بک کی حفاظت کا ذمہ دار ہوگا۔ اور گم ہو یا چوری ہو جانے کی صورت میں فوری طور پر بینک مطلع کرے گا۔ کسٹمر کو اے ٹی ایم سے متعلق تمام شرائط وضوابط اور وقت کے ساتھ ہونے والی تبدیلیوں سے خود کو باخبر رکھنا ہوگا۔

10۔ کسی اکاؤنٹ کو مقررہ حد سے زیادہ رقم نکلوانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ چیکس اور پرانے دستاویزات (تاریخ اجراء کے 6 ماہ بعد آنے والے)، رقم نکلوانے والے کی دوبارہ تصدیق کے بغیر ادائیگی کیلئے درست تصور نہیں کیے جائیں گے۔ کسٹمر Negotiable Instrument Act 1881 سے مطابقت کی دستاویز تحریر کرنے کا پابند ہوگا اور بعد میں ریگولیٹر کی جانب سے دیگر چیک لکھنے کی ہدایات جاری کی جائیں گی۔

# کسٹمر کی جانب سے ایک سال تک اکاؤنٹ میں لین دین نہ ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ''غیر فعال'' تصور کیا جائے گا۔ غیر فعالیت کا درجہ ختم کئے بغیر کریڈٹ انٹریز کی اجازت ہوگی۔ تاہم رقم نکلوانے کی اجازت تب تک نہیں ہوگی جب تک کسٹمر اکاؤنٹ کو ایکٹیویٹ نہیں کروالیتا۔ غیر فعال اکاؤنٹس ہونے پر اکاؤنٹ ایکٹیویشن صرف کسٹمر ڈیو ڈیلیجنس (CDD) بمعہ بائیومیٹرک تصدیق اور نام کی سکریننگ کے ذریعے ہی ہو سکے گی۔

# مسلسل 10 سال تک غیر فعال رہنے والے اکاؤنٹ لاوارث کہلاتے ہیں اور BCO1962 کے سیکشن 31 کے تحت دیکھے جاتے ہیں۔

11۔ کوئی کم سے کم بیلنس نہیں اور کوئی مینٹیننس فیس نہیں۔ وہ تمام اکاؤنٹس جن میں کسٹمر کی جانب سے 2 سال تک کوئی لین دین نہیں ہوا اور بیلنس بھی صفر ہو تو ایسے اکاؤنٹس کو بغیر کسی اطلاع کے بند کر دیا جائے گا۔ وفات / دیوالیہ کی صورت میں بینک مستند ذرائع سے خبر ملتے ہی اکاؤنٹ کی کارروائی روک دے گا۔

12۔ جوائنٹ اکاؤنٹ سے ادائیگی کی صورت میں اگر ایک یا ایک سے زائد اکاؤنٹ ہولڈرز نے ادائیگی روک دی ہے تو صرف ادائیگی روکنے کی ہدایات کی منسوخی پر ہی تمام اکاؤنٹ ہولڈرز کی جانب سے رقم واجب الادا ہوگی۔

13۔ بینک، اکاؤنٹ میں ٹرانزیکشن کے عمل کو انتہائی حفاظت سے مکمل کرے گا۔ کسی بھی قسم کی کوتاہی کی صورت میں بینک اپنے فرائض کے مطابق درستگی / ایڈجسٹمنٹس کو یقینی بنائے گا اور غلطی سے ادا یا کریڈٹ کی گئی رقم واپس کرے گا۔

14۔ بینکنگ پراڈکٹس اور سروسز کے چارجز بینک چارجز کے شیڈول کے مطابق ہوں گے۔

15۔ ایک یا ایک سے زائد جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی وفات کی صورت میں کریڈٹ بیلنس زندہ بچ جانے والے اکاؤنٹ ہولڈرز کو تقاضا کرنے پر واجب الادا ہو جائے گا یا متوفی کے قانونی وارثان کی قانونی ہدایات کے مطابق قابل عمل ہوگا۔

THE BANK OF PUNJAB

## Terms and Condition of Taqwa Asaan Account / Taqwa Asaan Remittance Account

Following are the Terms and Conditions governing **TAQWA ASAAN** Account / **TAQWA ASAAN** Remittance Account, which the depositor has opened with The Bank of Punjab (the **"Bank"**).

to the Bank in writing by such account holder.

17. If account is not conducted to the satisfaction of the Bank, it may be closed without any notice, the balance will be remitted to the erstwhile customer and sent at his/her address as per bank record along with the reason for closure. Customer wishing to close an account must present the card and unused cheques to Bank & withdraw the balance, if any.
18. Asaan Current and Asaan Saving Account can be opened with initial deposit of PKR 100/- ("Pakistani Rupees One Hundred") under this category.
19. Current Account is opened on the basis of Qard, whereas the relationship between Bank and customer under saving account shall be based on the principle of unrestricted Mudarabah, Bank shall be Mudarib and customer shall be Rab-ul-Mal & all rules of Mudarabah shall be applicable. Profit shall be distributed according to the pre-agree profit sharing Ratio (PSR) and loss shall be borne by the contributors of the pool, (Investment Account Holder).
20. In case, where the Bank's equity is comingled with the customer's fund in a pool, the net income/ loss of the pool would be allocated between the Bank's equity and customer's funds in proportion to the respective share in pool.
21. Profit and loss on the Mudarabah based deposits would be computed and distributed on the basis of average daily balance in customer's account during the profit computation period.
22. The Bank may at its sole discretion as per SBP rules, in order to maintain certain level of return on investment of depositors, may deduct / write-back Profit Equalization Reserve ("PER") from / to net income of the pool.
23. The Bank may at its sole discretion as per SBP rules, in order to mitigate risk of future losses to investment of depositors, may deduct / write-back Investment Risk Reserve ("IRR"), from / to depositors profit i.e distributable profit net of Mudarib Share.
24. Withholding tax, or any other levy, shall be deducted / recovered as per laws in force including any amendments from time to time.
25. In the event that the entire deposit in a Saving Account is withdrawn at a time During the month when the Mudarabah profits for that profit calculation period cannot be ascertained, the profit amount in said case shall be calculated using the profit rate applicable for the immediately preceding profit calculation period and paid to the customer as soon as possible following which the account will stand closed.
26. The customer hereby expressly authorizes the Bank to disclose the information if any is required from an investigating agency, any government agency or such person as the Bank feels that such disclosure is necessary.
27. Taqwa Asaan Current Remittance Account shall be fed through home remittance from abroad and locally as well. Further, commercial remittance shall not be allowed to deposit in account. Asaan Current Remittance Account may also be fed through local credit to the extent of PKR 1000,000/- per month ("Pakistani Rupees One Million") which will be subject to maximum credit balance limit of PKR 3,000,000/-.
28. Taqwa Asaan Current Remittance Account shall be subject to following transactional limits:

Maximum Credit Balance Limit: PKR 3,000,000/-
Cash Withdrawal Limit: PKR 500,000/- per day to any other account
Fund Transfer Limit: PKR 500,000/- per day to any other account
Local Credit Allowed: PKR 1000,000/- per month
No Commercial Remittance Allowed

All deposits and payments are governed by and subject to the laws in effect from time to time in Pakistan. The Bank reserves the right to amend/alter or add any or all of these Rules through a 30 days' notice via advertisement in a print media or by other means of communication, prior to such changes take effect.

I/we confirm having read, understood and received a copy of the account opening form / rules and undertake to abide by them and any alteration / modification made therein by the bank from time to time

## تقویٰ آسان اکاؤنٹ / تقویٰ آسان ترسیلِ زر اکاؤنٹ کی شرائط وضوابط

TAQWA
ISLAMIC BANKING

بینک آف پنجاب کے ساتھ اپنا تقویٰ آسان اکاؤنٹ / تقویٰ آسان ترسیل زر اکاؤنٹ کھلوانے حضرات کیلئے شرائط وضوابط مندرجہ ذیل ہیں۔

16۔ پتہ تبدیل ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے فوری طور پر بینک کو تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا۔

17۔ اگر بینک اکاؤنٹ سے مطمئن نہیں ہے تو اسے بغیر کسی نوٹس کے بند کیا جا سکتا ہے، اور بقایا رقم پہلے والے کسٹمر کو اس کے پتے پر اکاؤنٹ بند ہونے کی وجہ کے ہمراہ ارسال کر دی جائے گی۔ جو کسٹمر اپنا اکاؤنٹ بند کروانا چاہے اُسے اپنا کارڈ اور غیر استعمال شدہ چیکس بینک کو جمع کروانا ہوں گے اور اگر اکاؤنٹ میں کوئی رقم ہے تو اسے نکلوانا ہوگا۔

18۔ آسان کرنٹ اکاؤنٹ اور آسان سیونگ اکاؤنٹ اس کیٹگری کے مطابق 100 روپے کے ابتدائی ڈپازٹ کے ساتھ کھولا جا سکتا ہے۔

19۔ اکاؤنٹ قرد کی بنیاد پر کھولا جائے گا جبکہ بینک اور کسٹمر کا تعلق سیونگ اکاؤنٹ کے زمرے میں غیر ممنوعہ مضاربہ کے اصولوں پر مبنی ہوگا، بینک مضارب ہوگا اور کسٹمر رب المال اور اس پر مضاربہ کے تمام اصولوں کا اطلاق ہوگا۔ منافع پہلے سے طے شدہ پی ایس آر شرح کے مطابق تقسیم ہوگا اور خسارہ pool(IAH) کے شراکت دار برداشت کریں گے۔

20۔ pool میں کسٹمر فنڈ کے ساتھ اگر بینک کی کوئی ملکیت مل جائے تو اُس کی آمدن / خسارہ متعلقہ pool کے شیئر میں بینک کی ملکیت اور کسٹمر فنڈ کی شرح کے مطابق مختص کیا جائے گا۔

21۔ مضاربہ پر مبنی ڈپازٹس میں نفع اور نقصان کا حساب اور تقسیم، منافع بخش عرصے کے دوران کسٹمر اکاؤنٹ کے اوسط روزانہ بیلنس کے مطابق ہوگا۔

22۔ بینک اپنی کلی صوابدید پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قواعد کی رو سے، Customer کو سرمایہ کاری پر منافع کی مخصوص سطح کو برقرار رکھنے کیلئے پرافٹ ایکویلائیزیشن ریزرو (PER) کو Maintain کرسکتا ہے جو کہ پول کی کل خالص آمدنی سے تبرع کی بنیاد پر منہا کی جاسکتی ہے۔

23۔ بینک اپنی کلی صوابدید پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قواعد کی رو سے ارباب اموال کو، سرمایہ کاری کے آئندہ نقصانات کے خطرے سے محفوظ رکھنے کیلئے انوسٹمنٹ رسک ریزرو (IRR) Maintain کرسکتا ہے۔ جمع کنندگان کے منافع (یعنی اصل مضارب حصے کا قابل تقسیم منافع) سے تبرع کی بنیاد پر منہا کیا جاسکتا ہے۔

24۔ ودھ ہولڈنگ ٹیکس یا کوئی بھی اور ٹیکس کی کٹوتی / بحالی وقت کے ساتھ ساتھ قانون کے مطابق ہوگی۔

25۔ سیونگ اکاؤنٹ میں سے اگر تمام رقم اس ماہ کے دوران نکال لی گئی ہو جب منافع کا حساب کرنے والے عرصے میں مضاربہ منافع کا علم نہ ہو تو ایسی صورت میں منافع کی رقم کا حساب سابقہ منافع کے عرصے کے مطابق ہوگا اور کسٹمر کو ادا کر دیا جائے گا جس کے بعد اکاؤنٹ بند تصور کیا جائے گا۔

26۔ کسٹمر بینک کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ کسی تفتیشی ایجنسی، حکومتی ایجنسی یا کوئی بھی ایسا فرد جسے بینک معلومات دینا ضروری سمجھتا ہے، دے سکتا ہے۔

27۔ تقوی کرنٹ ریمیٹنس اکاؤنٹ میں بیرون ملک سے موصول شدہ ترسیلات اور مقامی طور پر رقوم جمع ہوسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ کمرشل ریمیٹنس اکاؤنٹ میں جمع کروانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ آسان کرنٹ ریمیٹنس اکاؤنٹ میں مقامی کریڈٹ کی حد 1,000,000 روپے ہے جو کہ مجموعی کریڈٹ بیلنس کی حد 3,000,000 روپے کہ اندر اندر ہوگی۔

28۔ تقوی آسان کرنٹ ریمیٹنس اکاؤنٹ میں لین دین کی حد درج ذیل ہیں۔

زیادہ سے زیادہ کریڈٹ بیلنس کی حد 3,000,000 روپے
رقم نکلوانے کی حد 500,000 روپے فی دن
رقم کی منتقلی کی حد 500,000 روپے فی دن
مقامی کریڈٹ کی حد 1،000،000 روپے ماہانہ
کمرشل ریمیٹنس اکاؤنٹ میں جمع کروانے کی اجازت نہیں ہو گی

جمع کروائی گئی رقوم اور ادائیگیاں وقت کے ساتھ ساتھ پاکستان کے قوانین کی روشنی میں طے پاتی ہیں۔ بینک پرنٹ میڈیا میں اشتہار کے ذریعے یا دوسرے ذرائع ابلاغ کی مدد سے پیشگی اطلاع کے ساتھ 30 دن کا نوٹس دے کر ان تمام اصولوں میں ترمیم یا تبدیلی کرنے کا مکمل اختیار رکھتا ہے۔

مجھے / ہمیں اکاؤنٹ کھلوانے والے فارم / اصولوں کی کاپی موصول ہوچکی ہے جسے میں نے / ہم نے بغور پڑھ کر سمجھ لیا ہے۔ میں / ہم ان تمام اصولوں کی پابندی کرنے کا وعدہ کرتے ہیں اور وقتاً فوقتاً بینک کی جانب سے کی جانے والی ترامیم یا تبدیلیوں پر بھی متفق ہیں۔

## UNDERTAKING بیان حلفاً

**Undertakings; I/We hereby undertake that :**

1. Source of income declared above is legitimate and clean.
2. I am/we are not a US Person as neither born in US nor have US citizenship, Green Card or have US address/telephone number in-care of or hold mail address etc.
3. I/We do not have tax residency in any country except Pakistan.
4. I/We are the beneficial owner fo the funds in account or rounted through the account.

میں / ہم حلفاً اقرار کرتا / کرتے ہیں کہ

1۔ بیان کیا گیا ذریعہ آمدن جائز اور بالکل درست ہے۔

2۔ میں / ہم امریکی شہری نہیں ہیں اور نہ ہی امریکہ میں پیدا ہوئے اور نہ ہی امریکی شہریت، گرین کارڈ، پتہ / ٹیلی فون نمبر in-care of یا ای میل ایڈریس وغیرہ رکھتے ہیں۔

3۔ میں / ہم پاکستان کے علاوہ کسی اور ملک میں ٹیکس ریذیڈنسی نہیں رکھتے۔

4۔ میں / ہم اس اکاؤنٹ میں موجود فنڈز کے وصول کنندہ / کنندگان / مالکان ہیں یا اس اکاؤنٹ سے منسلک ہیں۔

A/C# [ ] اکاؤنٹ نمبر

Signature(s): دستخط 1) ____ 2) ____ 3) ____ 4) ____

Name(s) نام 1) ____ 2) ____ 3) ____ 4) ____